QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 161

کیسکو چیف نے محکمانہ سیفٹی کوڈ کی خلاف ورزی اور جان لیوا حادثے پر سخت نوٹس لے لیا

واقعہ کی تحقیقات اور ذمہ داروں کیخلاف فوری کاروائی کا حکم دے دیا

کوئٹہ: یکم جنوری 2026ء۔۔۔۔۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) انجینئر یوسف شاہ خان نے گزشتہ شب بروری سب ڈویژن کے لائن مین کی جان لیوا حادثہ کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لے لیا ہے اور انہوں نے کیسکو کے جنرل منیجر (آپریشن) اور ہیلتھ سیفٹی انوائرمنٹ (HSE) ڈائریکٹوریٹ کو فوری طور پر تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ حادثے کی وجوہات، سیفٹی ضوابط کی خلاف ورزی اور ذمہ داروں کی نشاندہی کرتے ہوئے ایک ہفتے کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انسانی جانوں کا تحفظ ادارے کی اولین ترجیح ہے اور ادارے میں سیفٹی قوانین و کوڈ پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی سطح پر غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ لورلائی، مستونگ اور کوئٹہ میں Fatal Accident جان لیوا حادثات رونما ہوئے جو کام کے دوران غفلت کی نشاندہی کرتا ہے۔ لہٰذا سیفٹی کوڈ کی خلاف ورزی کے مرتکب زمہ داروں کے خلاف تحقیقات مکمل ہونے کے بعد سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے تمام آپریشن سرکلز، ڈویژنز اور فیلڈ اسٹاف کو ہدایت کی کہ وہ بجلی لائنوں پر تکنیکی خرابی دور کرنے اور بجلی بحالی کے کام کے دوران ہمیشہ اپنے حفاظتی اوزار، سیفٹی آلات کے استعمال اور مقررہ قواعد و ضوابط پر سختی سے عمل کریں تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جا سکے۔ کیسکو چیف نے سیفٹی ہیلتھ اینڈ انوائرمنٹ (HSE) ڈائریکٹوریٹ کے متعلقہ افسران کو محکمانہ سیفٹی کوڈ پر عمل درآمد یقینی بنانے کی بھی واضح ہدایات دیں اور انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں فیلڈ آپریشن میں لائن اسٹاف کے مکمل حفاظتی اوزار اور دیگر حفاظتی آلات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اُن کی تمام ضرورتوں کو پورا کیا جائے۔

# #